19 **صحیح حدیث** درود شریف پڑھنے والا شخص شافعِ محشر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کا حقدار ہوجاتا ہے۔

[مجمعُ الزوائد اللِھیثمی:17022]

20 **درود ابراہیمی** 10 مرتبہ شام

21 **صحیح حدیث** اللہ کی ''حمد'' اور اُسکے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ''درود شریف'' پڑھنا، ہماری دُعاؤں کی قبولیت کا بہترین ذریعہ ہیں۔ [جامع ترمذی:593]

22 **صحیح حدیث** سورۃ اَلْبَقَرَة کی آخری 2 ۔ آیات کی تلاوت بندہ کے لئے (نفع دینے میں) کافی ہوجاتی ہے۔ [بُخاری:4008، مُسلم:1878] رات 1 بار

23 **صحیح حدیث** سورۃ اَلْمُلک تلاوت کرنے والے شخص کیلئے یہ سورت سفارش کرتی رہے گی حتیٰ کہ اُسکی بخشش کردی جائیگی۔ [سُنن ابی داؤد:1400] رات 1 بار

24 **صحیح حدیث** اللہ نے رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جنت کا خزانہ عطا فرمایا۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

نہیں ہے (گناہ سے بچنے کی) ہمت، اور نہیں ہے (نیکی کرنے کی) طاقت مگر اللہ کی توفیق سے۔

[بُخاری:6409، مُسلم:6862]

25 **صحیح حدیث** رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مشکل حالات میں اور سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے آگ میں ڈالے جاتے وقت یہ کلمات پڑھے۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا اور وہی بہترین کارساز ہے۔ [آلِ عمران:173، بُخاری:4563]

26 ★ قیامت کے دِن اُنگلیاں ہمارے ذِکر کی گواہی دیں گی: [سُنن ابی داؤد:1501]

نوٹ صِرف دائیں ہاتھ پہ شمار کرنے کی سَند اَعمش کی تدلیس کی وجہ سے ضعیف ہے۔

★ گُٹھلیوں اور تسبیح وغیرہ پہ اِنفرادی ذِکر کرنا بھی ثابت ہے۔ [سُنن ابی داؤد:1500]